**19.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........آسیہ میمونہ

**Music**

-----------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سے بات چیت کی ہے۔ دفاع، خلا، توانائی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے کیلئے سمجھوتوں پر دستخط کئے گئے ہیں۔

☆ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے موجودہ مالی سال کیلئے بھارت کی اقتصادی ترقی سات اعشاریہ تین فیصد کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ بی جے پی کے کارگزار صدر نتن نبین پارٹی کے نئے قومی صدر بننے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے تہواروں کے دوران ہوائی جہازوں کے کرایے میں بیحد اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ ریلوے مونی اماوس کیلئے 244 خصوصی ٹرین چلائی ہیں، جس سے چار لاکھ پچاس ہزار سے زیادہ مسافروں کو آسانی ہوئی ہے۔

☆ اور خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں رائل چیلنجرس بینگلورو اور گجرات جائنٹس کے درمیان میچ جاری ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**MEA Briefing PM UAE**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر آج متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کی۔ میٹنگ کے دوران بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دفاع، خلاء، توانائی، سُپر کمپیوٹنگ اور فوڈ سیفٹی سے متعلق کئی سمجھوتوں پر دستخط کیے گئے۔

میٹنگ کے نتائج کے بارے میں میڈیا کو تفصیلات فراہم کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے کہا کہ اِس دوران اسٹریٹجک دفاعی شراکت داری، خلاء کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور اِس کے تجارتی استعمال سے متعلق مشترکہ اقدامات اور گجرات کے ڈھولیرا میں خصوصی سرمایہ کاری خطے کی ترقی میں متحدہ عرب امارات کی شمولیت سے متعلق کئی معاہدوں پر دستخط کیے گئے۔

جناب مِسری نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں نے HPCL انڈیا اور Adnoc Gas UAE کے درمیان

خرید و فروخت سے متعلق معاہدے پر بھی دستخط کیے ہیں۔ جناب مِسری نے کہا کہ بھارت اور متحدہ عرب امارات، بھارت میں سپُر کمپیوٹنگ کلسٹر کے قیام پر بھی رضا مند ہوگئے ہیں۔ خارجہ سکریٹری نے مزید کہا کہ فریقین، سال 2032 تک دو طرفہ تجارت کو دو گنا کرکے 200ارب ڈالر تک لے جانے پر بھی متفق ہوگئے ہیں۔

**S/B: SI MEA Trade**

وزیر اعظم مودی اور متحدہ عرب امارات کے صدر نے دہشت گردی کی سبھی شکلوں کی مذمت کی ہے۔

دونوں رہنماؤں نے زور دیا ہے کہ دہشت گردانہ سرگرمیوں کی منصوبہ بندی، حمایت یا مالی معاونت کرنے والوں کو کسی بھی ملک کی جانب سے محفوظ پناہ گاہ فراہم نہیں کی جانی چاہیے۔ دونوں ملک، دہشت گردی کی مالی معاونت سے نمٹنے اور کالے دھن کو جائز بنانے کی کوششوں کو مستحکم کرنے کیلئے مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس کے فریم ورک کے تحت اشتراک جاری رکھنے پر بھی رضامند ہوگئے ہیں۔ x

## Republic day Guest

ملک 26 جنوری کو 77واں یومِ جمہوریہ منائے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ قومی تقریبات میں عوامی شراکت داری کو بڑھانے کیلئے سرکار کی کوششوں کے حصے کے طور پر کئی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Bhanu**

نئی دلّی کے کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کا پریڈ ملک کی ثقافتی تنوع اور فوجی قوت کی نمائش کا ایک منفرد موقع ہے۔ وزارت دفاع کے مطابق پریڈ دیکھنے کیلئے تقریباً دس ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اِن میں بہترین اختراع کار، اسٹارٹ اَپس، اپنی مدد آپ گروپوں اور مختلف سرکاری اقدامات کے تحت بہترین کام کرنے والے شامل ہیں۔ آمدنی اور روزگار پیدا کرنے کے شعبے میں بہترین کام کرنے والوں کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِن مہمانوں کو مدعو کرنے کا مقصد ملک کی تعمیر میں اُن کی نمایاں خدمات کی عزت افزائی کرنا اور قومی اہمیت کے حامل تقریبوں میں جَن بھاگیداری کو بڑھانا ہے۔

خصوصی مہمانوں میں دوسروں کے علاوہ، عالمی پیرا اتھلیٹکس میں کامیابی حاصل کرنے والے، اٹل اختراعی مشن کے تحت تربیت حاصل کرنے والے طلبا، روایتی طور طریقوں سے کھیتی کرنے والے کسانوں اور PM Smile اسکیم سے مستفید ہونے والے شامل ہیں۔

نئی دلّی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آفتاب احمد

## IMF India Growth

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، IMF نے سال 2025 کیلئے بھارت کی ترقی کے اندازے میں صفر اعشاریہ سات فیصد کا اضافہ کرتے ہوئے اِسے بڑھا کر سات اعشاریہ تین فیصد کر دیا ہے۔ ورلڈ اکنامک Outlook اپڈیٹ میں IMF نے کہا ہے کہ اضافہ شدہ نظرثانی، مالی سال کی چوتھی سہ ماہی کے مضبوط رجحان کی عکاسی کرتی ہے۔ اس

دوران IMF نے اگلے مالی سال 2026-27 کیلئے ترقی کا تخمینہ 6اعشاریہ چار فیصد رکھا ہے۔ IMF نے کہا ہے کہ متوقع اعتدال کے باوجود بھارت، ابھرتے بازاروں اور ترقی پذیر معیشتوں کی ترقی کا اہم محرک بنا رہے گا۔

تاہم IMF نے خبردار کیا ہے کہ مصنوعی ذہانت، AI پر مبنی پیداواری ماحصل، سرمایہ کاری واپس لینے اور سخت مالیاتی عالمی حالات کی وجہ بن سکتے ہیں، جن سے ابھرتی ہوئی معیشتوں پر اثر پڑ سکتا ہے۔x

## Vaishnaw Electronics Exports

بھارت نے 2025میں ریکارڈ 47بلین ڈالر کے الیکٹرانک اشیا کی برآمدات کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں الیکٹرانک اور IT کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ تقریباً 30بلین ڈالر پیداوار سے منسلک ترغیب کے ذریعے اسمارٹ فون کی برآمدات سے حاصل ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ الیکٹرانکس کی برآمدات میں 2015سے 11 گنا کا اضافہ ہوا ہے۔x

## SC Air Force

سپریم کورٹ نے تہواروں کے دوران فضائی کرایے میں حد سے زیادہ اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عدالتِ عظمیٰ نے کہا وہ فضائی کرایے میں غیر متوقع اتار چڑھاؤ میں مداخلت کرے گی۔

مفادِ عامہ کی ایک درخواست پر سماعت کرتے ہوئے جسٹس وکرم ناتھ اور سندیپ مہتا کی ایک بینچ نے ایئر لائنز کی جانب سے فضائی کرایے میں حد سے زیادہ اضافہ کرنے کو مسافروں کا استحصال بتایا اور مرکز اور شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل سے کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں اپنا جواب درج کرائیں۔

فضائی کرایے کے سلسلے میں غیر متوقع اتار چڑھاؤ اور پرائیویٹ ایئر لائنز کی جانب سے نافذ کیے جانے والے Ancillary Charges پر قابو پانے کے لیے پابند ریگولیٹری رہنما خطوط کے سلسلے میں مفادِ عامہ کی ایک درخواست دائر کی گئی تھی۔ایڈیشنل سالیسٹر جنرل انل کوشک کے مرکز کی جانب سے جواب درج کرانے کیلئے وقت دینے کی درخواست کے بعد سپریم کورٹ نے اس معاملے پر مزید سماعت کیلئے اگلے مہینے کی 23 تاریخ مقرر کی ہے۔

## SC SIR West Bengal

سپریم کورٹ نے آج انتخابی کمیشن کو ہدایت دی ہے کہ وہ مغربی بنگال میں انتخابی فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے دوران معقول خامیوں کی فہرست میں شامل ووٹروں کے نام شائع کرے۔ سپریم کورٹ، مغربی بنگال میں جاری SIR میں مبینہ من مانی اور قانونی بے ضابطگیوں کے الزامات سے متعلق درخواستوں کی سماعت کر رہا تھا۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ ریاست میں ایک کروڑ 25لاکھ ووٹر معقول خامیوں کی فہرست میں شامل کئے گئے ہیں، تین ججوں پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ SIR سے متاثرہ لوگوں کو اپنے کاغذات یا اعتراضات داخل کرنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ بینچ نے مزید کہا کہ مغربی بنگال میں SIR کا عمل شفاف ہونا چاہیے اور اُس سے کسی طرح کی پریشانی نہیں ہونی چاہیے۔x

## Rev BJP President

بی جے پی کے کارگزار صدر نتن نبین پارٹی کا نیا صدر بننے والے ہیں۔ پارٹی کے قومی ریٹرننگ افسر ڈاکٹر کے۔لکشمن نے اعلان کیا ہے کہ BJP کے قومی صدر کے عہدے کیلئے صرف نتن نبین کا نام پیش کیا گیا ہے۔ البتہ اِس کا باضابطہ اعلان کل کیا جائے گا۔ ڈاکٹر لکشمن نے کہا کہ قومی صدر کے عہدے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کے سبھی 37 سیٹ نتن نبین کی حمایت میں داخل کئے گئے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد تمام پیپر درست پائے گئے ہیں۔BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا، مرکزی وزراء امت شاہ، راجناتھ سنگھ، نتن گڈکری اور BJP کے پارلیمانی پارٹی بورڈ کے دوسرے ممبروں نے قومی صدر کے عہدے کیلئے نتن نبین کے نام کی تجویز پیش کی۔پارٹی کے قومی کونسل اور ریاستی کونسلوں کے نمائندوں پر مشتمل ایک الیکٹورل کالج BJP کے قومی صدر کا انتخاب کرتا ہے۔فی الحال مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا اِس عہدے پر فائز ہیں۔x

## Chouhan G Ram G

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ وکست بھارت جی رام جی قانون پر ملک کے عوام کو گمراہ کر رہی ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ منریگا کے تحت کانگریس کی طرف سے دیئے گئے حقوق صرف کاغذ پر تھے۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس اپنے افکار، نظریات اور Ideals کو ترک کرچکی ہے اور اُسے ملک کی ترقی یا غریبوں کی بہبود سے کوئی مطلب نہیں ہے۔

**S/B 1415 Shivraj Singh 125 Days**

## Railways Special Trains

بھارتی ریلوے نے مونی اَماوسیہ کے دوران 244 خصوصی ٹرینیں چلائی ہیں، جس سے چاڑھے چار لاکھ سے زیادہ مسافروں کو سفر میں آسانی ہوئی۔ بھارتی ریلوے نے 3 سے 18 جنوری کے درمیان مونی اماوسیہ کے دوران عقیدتمندوں کی بھیڑ کو کامیابی کے ساتھ منضبط کیا۔ وزارت نے کہا ہے کہ پریاگ راج میں کل سب سے زیادہ لوگوں کی آمد ورفت ہوئی، جس میں 40 خصوصی ٹرینوں میں تقریباً ایک لاکھ مسافروں نے سفر کیا۔x

## Board of Peace Gaza

یوروپی کمیشن کی صدر، روس اور تھائی لینڈ کو بھی غزہ پیس بورڈ میں شامل ہونے کی دعوت ملی ہے۔ کریملن کے ترجمان دیمتری پیس کوف اور تھائی لینڈ کی وزارت خارجہ نے اِس کی تصدیق کی ہے۔ یوروپی کمیشن نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen کو ایک دعوت نامہ ملا ہے اور وہ غزہ کے معاملے پر دوسرے یوروپی رہنماؤں سے بات کریں گی۔اسی دوران، دائیں بازو کے رہنما اسرائیل کے وزیر خزانہ Bezalel Smotrich نے آج بورڈ آف پیس کو اسرائیل کیلئے ایک نامکمل سمجھوتہ قرار دے کر مسترد کردیا ہے اور اِسے تحلیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔x

**Trump Modi**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نریندر مودی کو دعوت دی ہے کہ وہ اُس ''بورڈ آف پیس'' میں شامل ہوں، جو غزہ میں مستقل امن قائم کرنے کیلئے کام کرے گا۔ امریکی صدر نے جناب مودی کو اِس سلسلے میں ایک خط بھیجا ہے، جسے بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor کی طرف سے سوشل میڈیا پر شیئر کیا گیا۔امریکی صدر نے غزہ پٹی میں اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کیلئے بورڈ آف پیس کا اعلان کیا۔ x

**British PM Trump**

برطانیہ کے وزیر اعظم کیر اِسٹارمر نے آج کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا گرین لینڈ پر اتحادیوں کے خلاف محصولات کی دھمکی پوری طرح غلط ہے اور تجارتی جنگ کسی کے بھی مفاد میں نہیں ہے۔ لندن میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب اِسٹارمر نے کہا کہ برطانیہ، گرین لینڈ اور ڈنمارک کے بنیادی حق کی حمایت کرتا ہے کہ وہ آرکٹک جزیرے کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کریں۔ انھوں نے کہا کہ برطانیہ، یوروپ کے اتحادیوں، ناٹو اور امریکہ کے ساتھ مل کر کام کرے گا اور بات چیت کا دروازہ کھلا رکھے گا۔ ہفتے کے روز جناب ٹرمپ نے کہا تھا کہ وہ برطانیہ سمیت آٹھ یوروپی ملکوں سے حاصل ہونے والی اشیا پر فروری سے 10فیصد درآمدی ٹیکس عائد کریں گے۔انھوں نے اِس بات کا اشارہ دیا کہ محصولات کی بات، گرین لینڈ میں یوروپی ملکوں کی طرف سے پچھلے ہفتے فوجیوں کی تعیناتی کے جواب میں ہے۔x

**J&K Search Operation**

جموں و کشمیر میں کے کشتواڑ ضلعے کے Chatroo علاقے میں دہشت گردوں کے ساتھ لڑائی میں شدید زخمی پیرا Trooper اپنے زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔ کشتواڑ کے بالائی علاقوں میں روپوش دہشت گردوں کو پکڑنے کیلئے بڑے پیمانے پر جاری تلاشی مہم TRASHI-1، آج دوسرے دن بھی جاری رہی۔ یہ آپریشن، گزشتہ روز Chatroo علاقے کے Mandral-Singhpora کے قریب Sonnar گاؤں میں شروع کیا گیا تھا، جس کے بعد لڑائی کے نتیجے میں 8فوجی زخمی ہوگئے تھے۔ روپوش دہشت گردوں کی جانب سے اچانک گرینڈ حملے کی وجہ سے نکلنے والے چَھرّوں کو فوجیوں کے زخمی ہونے کی بنیادی وجہ بتایا جا رہا ہے۔

انٹلیجنس کی معلومات کے مطابق پاکستان میں مقیم جیشِ محمد کے دو سے تین دہشت گرد، علاقے میں پھنسے ہوسکتے ہیں۔ اس دوران زخمی Troopers میں سے ایک حولدار گجیندر سنگھ نے جموں کے فوجی اسپتال میں علاج کے دوران آخری سانس لی۔ وہائٹ نائٹ Corps کے جنرل آفیسر کمانڈنگ اور دیگر نے عظیم قربانی دینے والے اسپیشل فورسز کے حولدار گجیندر سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا۔ x

**IMD Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے دلّی، بہار، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں کل سے

گھنا کہرا چھائے رہنے کیلئے Yellow وارننگ جاری کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اگلے دو دنوں کے دوران ہماچل پردیش کے الگ الگ علاقوں میں سرد لہر کی صورتحال جاری رہے گی۔اسی دوران، دلّی NCR میں ہوا کا معیار انتہائی خراب زمرے میں ہے۔ آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں آج شام سات بجے تک AQI اوسطاً 407رہا۔x

## Ranchi GeM Event

گورنمنٹ–ای مارکیٹ پلیس GeM نے جھارکھنڈ میں شفاف اور ڈیجیٹل عوامی خرید کو فروغ دینے کیلئے رانچی میں ایک روزہ GeM Excellence Event کا انعقاد کیا۔ اِس پروگرام کا مقصد سرکاری خریداروں اور ریاستی سطح کے فروخت کنندہ کو GeM کے نئے فیچر، عوامل اور اصلاحات سے واقف کرانا تھا تاکہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے عوامی خرید کو مضبوط کیا جاسکے۔ x

## WPL Cricket

خواتین کے وومنس پریمیئر لیگ کرکٹ میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے گجرات جائنٹس کے سامنے جیت کیلئے 179رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ وڈوڈرہ مرحلے کے پہلے مقابلے کے تحت BCA اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔ اِس سے پہلے گجرات جائنٹس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ڈبلیو پی ایل–2026، Two-City فارمیٹ کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے۔ ٹورنامنٹ کے نوی ممبئی مرحلے کے مکمل ہونے کے بعد سبھی پانچ ٹیمیں مقابلے کے دوسرے حصے کیلئے گجرات منتقل ہوئی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆